www.understandquran.com

سبق-30 : دنیا اور آخرت کی بھلائی

اس سبق کے اختتام پر آپ جان لیں گے کہ :

- وہ تین چیزیں کون سی ہیں جو ایک سمجھدار انسان اللہ تعالیٰ سے مانگتا ہے؟
- دنیا اور آخرت کی بھلائی کیا ہے؟
- جہنم کی آگ سے حفاظت کی دعا کیا ہے؟

تلاوت و تشریح :

تجوید اور احساس کے ساتھ پڑھیے جیسا کہ حضرت محمد ﷺ پڑھا کرتے تھے !

رَبَّنَآ	اٰتِنَا	فِي الدُّنْيَا	حَسَنَةً
اے ہمارے رب !	ہمیں دے	دنیا میں	بھلائی
اے ہمارے رب ! ہمیں دے دنیا میں بھلائی			

وَّفِي الْاٰخِرَةِ	حَسَنَةً
اور آخرت میں	بھلائی،
اور آخرت میں بھلائی،	

- قرآن مجید میں دو قسم کے لوگوں کا ذکر کیا گیا ہے، ایک تو وہ جو صرف اس دنیا کی بھلائی چاہتے ہیں اور آخرت کے بارے میں کوئی فکر نہیں کرتے۔ دوسرے لوگ وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ سے دونوں یعنی دنیا اور آخرت کی بھلائی مانگتے ہیں، یہ دعا اس دوسری قسم کے لوگوں کی ہے۔
- دعا کا آغاز "رَبَّنَا" (اے ہمارے رب) سے ہو رہا ہے۔
- دنیا کی بھلائی میں یہ چیزیں بھی شامل ہیں: دنیا کی ہر وہ نعمت جس کی زندگی گزارنے کے لیے ضرورت پڑتی ہے، جیسے: صحت و تندرستی، خوش حال گھرانہ، اچھے دوست، اسکول، اچھی نوکری، نفع دینے والا علم ، صحیح عقیدہ وغیرہ۔
- آخرت کی بھلائی یہ ہے کہ قیامت کے دن پریشانی اور غم سے حفاظت، جنت میں داخلہ، ان کے علاوہ سب سے بڑی بات یہ کہ اللہ کا دیدار نصیب ہوگا اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رہنا نصیب ہوگا۔

النَّارِ.	عَذَابَ	وَّقِنَا
آگ کے۔	عذاب سے	اور ہمیں بچا
اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے۔		

- جہنم کی آگ سے حفاظت کا مطلب یہ ہے کہ ہمارے گناہوں کو معاف فرمادیجیے تاکہ ہم جنت کے مستحق بن جائیں۔
- اللہ سے دعا کرنا کہ وہ ہمیں جہنم میں لے جانے والے برے کاموں سے بچائے، یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔

حدیث : حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اکثر یہ دعا پڑھا کرتے تھے: "اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً، وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ"۔ (بخاری)

غور و فکر : مطالعہ ، تصور اور احساس :

- ہم بہت سارے لوگوں کو دیکھتے ہیں کہ وہ دنیا میں اچھی چیزوں سے مطمئن نظر آتے ہیں، لیکن کیا انہیں اس بات کی فکر ہے کہ انہوں نے آخرت کے لیے کیا کمایا ہے؟
- دنیا کی بھلائی کو حاصل کرنے کے لیے آخرت کی بھلائی کو ضائع نہ کریں، جیسے امتحان میں اچھے نمبرات حاصل کرنے کے لیے نقل کرنا یا جھوٹ بولنا، ممکن ہے کہ اچھے نمبرات مل جائیں لیکن آخرت میں اس کی وجہ سے نقصان ہوگا۔

نصیحت لینا : دعا ، احتساب اور پلان :

- دعا کیجیے کہ اے اللہ ! ہمیں ان چیزوں کو حاصل کرنے کی توفیق عطا فرما جو ہمارے لیے دنیا و آخرت میں فائدہ مند ہیں۔
- ہر کام سے یا کوئی فیصلہ کرنے سے پہلے ایک لمحہ کے لیے سوچیں کہ کیا وہ میرے لیے دنیا اور آخرت کے اعتبار سے فائدہ مند ہے؟
- پلان بنائیں کہ کیسے دنیا کی بھلائی کو آخرت کی بھلائی میں بدلا جاسکتا ہے؟ جیسے صاف ستھرا رہنا صحت کے لیے اچھا ہے، لیکن اگر آپ یہ نیت کرلیں کہ صاف ستھرا رہنے سے اللہ خوش ہوتا ہے تو اس کی وجہ سے آپ کو آخرت میں بھی ثواب ملے گا۔

عادت : میں روزانہ سونے سے پہلے اپنے تمام کاموں کا محاسبہ کروں گا۔

مشقی سوالات

1. اس سبق کی روشنی میں وہ تین چیزیں بتائیے جو ہمیں اللہ تعالیٰ سے مانگنی چاہیے؟
2. دنیا کی بھلائی اور آخرت کی بھلائی سے کیا مراد ہے؟
3. رسول اللہ ﷺ کون سی دعا کثرت سے پڑھا کرتے تھے؟

www.understandquran.com